Posted On Kitab Nagri

# سکونِ عشقم

## ماہ نور شہزاد

وہ گھبرائی ہوئی ڈری ہوئی صوفے پر گھونگھٹ لیے بیٹھی تھی آیت ولد زبیر خان آپکا نکاح ارمغان شہوار مرزا کیساتھ حق مہر دس لاکھ کیساتھ کیا جاتا ہے کیا آپ کو قبول ہے۔۔ مولوی صاحب نے پوچھا۔آیت بہت گھبرا رہی تھی۔قق۔۔قبول ہے۔وہ کانپتے ہوئے لہجے میں جواب دینے لگی مولوی نے دو دفعہ اور بھی اور اس نے قبول ہے کہا مولوی صاحب دعا پڑھا کر وہاں سے چل دیے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اب ارمغان کے پاس آئی جو بلکل خاموش بیٹھا کن پٹی مسل رہا تھا۔ارمغان ولد شہوار مرزا آپ کا نکاح آیت زبیر خان کیساتھ حق مہر دس لاکھ کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔وہ اس سے پوچھنے لگے۔قبول ہے۔وہ سپاٹ لہجے میں جواب دے گیا مولوی نے دو دفعہ اور پوچھا۔اس نے سرد و سپاٹ لہجے میں جواب دیا اور اس طرح وہ دونوں ایک دوسرے کے نکاح میں آ گئے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اللہ نے سچی محبت کو نکاح کا نام دیا ہے"🙂❤

وہ بیڈ پر اٹھارہ سالہ معصوم لڑکی لال رنگ کے لہنگے میں سجی بیڈ پر لہنگہ پھیلائے بیٹھی تھی بہت زیادہ گھبرائی ہوئی تھی ہاتھوں میں مہندی لگی ہوئی لائٹ سے میک اپ میں وہ بے حد خوبصورت معصوم لگ رہی تھی اور چہرے پر بے انتہا کا نور تھا جس سے وہ اور بھی خوبصورت لگتی تھی۔

تبھی وہ کمرے میں آیا نظر سامنے اس معصوم چہرے پر گئی جو بہت زیادہ گھبرائی ہوئی ڈری ہوئی بیٹھی تھی اس نے دل میں خود سے ہی سوچا کہ کیوں اس معصوم لڑکی کو مجھ جیسے آوارہ شخص کیساتھ جوڑ دیا وہ اپنی سوچ جھٹک کر کن پٹی مسل کر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے آیا گھڑی اتاری اور ڈریسنگ ٹیبل پر رکھی۔اور شیشے سے اسکا عکس دیکھا۔۔ چینج کر لو۔وہ اسے دیکھے بغیر سرد و سپاٹ لہجے میں کہنے لگا۔ج۔۔جی۔۔وہ بامشکل نظر اٹھا کر اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔ارمغان مرزا نے مڑ کر آنکھوں میں سختی لیے اسکی طرف دیکھا وہ اسکی سرخ آنکھوں کو دیکھ کر ڈر گئی۔جی۔۔میں۔۔کرتی۔رک رک کر اور ڈرے ہوئے انداز میں کہنے لگا اور بھاری لہنگہ بہت مشکل سے اٹھا کر وہ بیڈ سے اتری اور باتھروم میں جانے لگی آیت سے لہنگہ نہیں سنبھالا جا رہا تھا اس لیے وہ ان بیلنس ہو کر ارمغان سے ٹکرا گئی اور ایک پل کیلیے دونوں کی نظریں آپس میں ٹکرائی آیت کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی ارمغان نے اسے سہارا دے کر ٹھیک سے کھڑا کیا آیت فوراً سے باتھروم بھاگ گئی۔۔۔

اور اس نے نیند کی گولیاں اٹھا منہ میں ڈالی اور پانی پی کر حلق سے اتار گیا اور کاؤچ پر لیٹ گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد وہ شلوار قمیض میں ملبوس سر پر حجاب کیے وضو کیا ہوا وہ جائے نماز ڈھونڈنے لگی اچانک کھلبرڈ پر نظر گئی آیت نے وہ کھولی اور جائے نماز نکال کر بچھائی اور عشا کی نماز ادا کرنا شروع کر دی۔۔

نماز ختم ہونے کے بعد وہ دس منٹ مسلسل ہاتھ دعا کیلیے ہاتھ اٹھائے اپنے خدا سے گفتگو کرتی رہی اور پھر اٹھ کر جائے نماز کو جگہ پر رکھ کر بیڈ پر لیٹ گئی آنکھوں میں نمی تھی ہمیشہ سے ہر لڑکی کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ شادی والی رات اسکا محرم اسکا شوہر اسکی تعریف کرے اپنی محبت کا اظہار کرے اور اسکی بھی خواہش تھی کہ خدا کبھی اسے کسی نامحرم کی محبت میں مبتلا نہ کرے اپنے محرم کی محبت ملی اس نے بہت کچھ سوچا تھا مگر ویسا کچھ ہوا نہیں تو وہ حد سے زیادہ اداس تھی۔۔۔۔

اسے نیند بھی نہیں آرہی تھی نظر کاؤچ پر سوئے اس شخص پر گئی جو کبھی خود کے اوپر سے بلینکٹ اتار رہا تھا کبھی نیند میں کن پٹی مسل رہا تھا کبھی سر پر ہاتھ پھیر رہا تھا وہ حد سے زیادہ بے چین لگ رہا تھا آیت اپنی جگہ سے اٹھی اور اسکے قریب جا کر اسکے اوپر ٹھیک سے بلینکٹ کیا اور اسکے سر کے قریب ہو کر بیٹھی اور درود شریف پڑھ کر اس پر پھونک دیا اور اٹھ کر دوبارہ اپنی جگہ پر سو گئی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صبح آیت کی آنکھ کھلی تو نظر گھڑی پر گئی جو نو بجا رہی تھی وہ اٹھی اور خود کے اوپر سے بلینکٹ اتار کر ارمغان کو دیکھنے لگ گئی وہ اب پر سکون سو رہا تھا اور وہ فریش ہونے کیلیے باتھروم میں چلی گئی۔۔۔

وہ گھبراتے ڈرتے ہوئے ارمغان کے پاس آئی۔ اٹھیں۔۔ وہ گھبراتے ہوئے دھیمے لہجے میں اسے پکارنے لگ گئی مگر وہ نہیں اٹھا۔۔ اٹھیں۔۔ وہ اس کے کندھے پر ڈرتے ہوئے ہاتھ رکھ کر ہلا کر جگانے کی کوشش کرتی رہی

Posted On Kitab Nagri

ہے۔ کیا مصیبت ہے۔ وہ غصے سے کہنے لگا آیت ہڑ بڑا گئی۔۔ وہ۔۔۔ ہمیں نیچے چلنا۔۔۔۔ چاہیے اکٹھے۔ وہ ڈرتے ہوئے رک رک کر الفاظ ادا کر کے اسے کہنے لگی۔ کیوں تم میرے بغیر نہیں جا سکتی اٹھارہ سال تک میرے بغیر جاتی تھی اب بھی چلی جاؤں گی تو کوئی موت نہیں آ جائے گی جاؤں مجھے سونے دو۔۔ وہ غصے سے چلایا آیت کی آنکھوں میں نمی آگئی وہ افسردگی سے کچھ کہے بغیر نیچے چلی گئی اور ارمغان کاؤچ سے اٹھ کر کن پٹی مسلنے لگا

سب لوگ ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے وہ سب لوگوں کے پاس بیٹھی تھی ارمغان کی فیملی میں اسکے ماں باپ اسکی ایک بہن اور پھوپھو تھی۔ وہ ان سب کیساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھی اسکو وہ سب لوگ بہت اچھے لگے تھے۔ آیت اپنی پھوپھو کے گھر رخصت ہو کر آئی تھی۔

تم تھوڑی دیر آرام کر لو ابھی تم نے پارلر بھی جانا ہے سعدیہ بیگم اسے پیار سے کہنے لگی جس پر وہ مسکراتے ہوئے کمرے کی طرف بڑھ گئی اور کمرے میں آگئی۔۔
وہ کمرے میں داخل ہوئی نظر ادھر ادھر گھمائی وہ کہیں بھی نہیں تھا آیت بیڈ پر آئی اور ٹیک لگا کر کچھ سوچنے لگ گئی تبھی وہ باتھ روم سے باہر آیا نظر اس معصوم چہرے پر گئی وہ کچھ دیر ایسے دیکھتا رہ گیا ارمغان کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی تم لڑکیوں کو کیا لگتا ہے تم اپنی معصومیت سے دل جیت لو گی۔۔ وہ اسکے پاس آکر تلخ لہجے میں کہنے لگا۔
جی۔۔ ایت پریشانی سے اسے دیکھنے لگ گئی۔ تم سمجھتی ہو تم اپنی اس شریف گیٹ اپ اور معصومیت سے میرے دل میں جگہ بنا لو گی مگر ایسا کچھ نہیں ہو گا سمجھی۔۔ وہ اسکو غصے سے کہنے لگا۔ اس سے پہلے آیت کچھ کہتی۔۔ وہ شیٹ اپ کہ کر چلا گیا اور وہ لب بھینچ گئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارمغان تم سات بجے مجھے گھر میں دیکھو ولیمہ ہے تمہارا۔۔ شہوار مرزا اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگے۔ ویٹ ابور۔ وہ بات کو سنجیدہ نہ لے کر سپاٹ لہجے میں کہنے لگا۔ ارمغان تمہیں سمجھ نہیں اتی بات اگر تم وقت پر گھر نہیں پہنچے تو میں بہت برا پیش آؤ گا۔ وہ غصے سے کہنے لگے جس پر وہ انہیں دیکھنے لگ گیا۔ کیا کریں گے آپ کو ایک ہی دھمکی تو آتی ہے جائیداد سے راکھ کردوں گا۔ وہ حد سے زیادہ غصے میں کہنے لگا۔۔ آہستہ بولو تمہاری کل ہی شادی ہوئی ہے بیٹا۔ سعدیہ بیگم نرم دہ لہجے میں کہنے لگی۔ یہ شادی بھی میں نے آپکی بیماری کی وجہ سے کی ہے جو ناٹک کیا تھا نا آپ نے اس وجہ سے۔۔ وہ غصے سے کہتے ساتھ چلا گیا اور آیت اوپر کھڑی یہ دیکھ رہی تھی وہ کمرے میں آ گئی اور سوچنے لگی کہ اس کے ماں باپ نے آخر ایسا کیوں کیا اسکے ساتھ وہ ان پر بوجھ تھی کیا۔

قرآن بار بار کہتا ہے:

لَا تَقْنَطُوْا لَا تَهِنُوا لَا تَحْزَنُوا ○

"نہ امید نہ ہو کمزور نہ پڑو غمگیں نہ پڑو"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں آیت اللہ تعالیٰ جو کرتا ہے بہتری کیلیے کرتا ہے اپنے خدا پر یقین رکھ۔ وہ فوراً اپنی سوچ جھٹلا گئی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد ارمغان کی پھوپھو کنزا کمرے میں داخل ہوئی۔۔ بیٹا تم تیار ہو جاؤ پارلر جانا ہے ڈرائیور تمہارا انتظار کر رہا ہے۔۔ وہ اسے بتانے لگی۔ جی اچھا۔۔ ایت اثبات میں سر ہلا کر اٹھی اور کنزا محترمہ چلی گئی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ولیمہ ہوچکا تھا وہ سب لوگ گھر آ گئے سوائے ارمغان کے وہ وہاں سے اپنے دوستوں کے پاس چلا گیا تھا وہ کمرے میں آئی اور کپڑے وغیرہ تبدیل کیے۔اور الماری میں کپڑے رکھنے کی کوشش کرنے کا سوچا اسنے وارڈروب کھولی اور کسی طرح کپڑے ایڈجسٹ کرنے لگی بہت مشکل سے اس نے کوشش کی مگر نہیں رکھے گئے اسی وقت ایک ڈائری جو پڑی تھی وہ نیچے گر گئی۔۔آیت نے اس ڈائری جو اٹھایا۔کہاں رکھوا سے۔وہ ڈائری دیکھ کر بولی اور پھر اوپر ہی رکھ کر الماری بند کر دی۔۔۔۔۔۔

وہ رات کے ایک بجے گھر میں داخل ہوا اور آکر کپڑے چینج کرنے کیلیے وارڈروب کی طرف بڑھا اپنی ڈائری اس جگہ پر نہیں کسی اور جگہ پر دیکھ کر اسکا غصہ ساتویں آسمان کو پہنچ گیا۔تم نے میری چیزوں کو کیسے ہاتھ لگایا۔وہ غصے سے اس پر دوبارہ سے چیخنے لگ گیا۔میں نے کیا کیا ہے۔وہ اسے دیکھتے ہوئے ڈر کر پوچھنے لگی۔میری ڈائری اٹھائی ہے ناتم نے پڑھی ہے نا ابھی سے جاسوسی کرنے لگ گئی ہوں نا بتا رہی ہوں میں تمہیں اپنی بیوی نہیں مانتا ٹھیک ہے سمجھی۔وہ غصے سے چیخنے لگ گیا۔سب گھر والے اسکے شور کی آواز سن کر کمرے میں آ گئے۔میں نے نہیں پڑھی وہ نیچے گر گئی تھی میں نے اٹھا کر رکھی ہے۔۔وہ اسے بتانے لگی۔ماما اپنی بھتیجی کو سمجھا دے میری ہر چیز سے دور رہے زبردستی مسلط کی گئی ہے مجھ پر ٹھیک ہے نا۔وہ غصے سے چیخنے لگ گیا سب لوگ خاموش کھڑے تھے وہ غصے سے کمرے سے چلا گیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سب لوگ کمرے سے چلے گئے تھے سعدیہ بیگم وہی رک گئی انہیں آیت پر بہت ترس آرہا تھا وہ بلکل خاموش آنکھوں میں نمی لیے کھڑی تھی اور وہ اسے دیکھ رہی تھی ان سب کے جانے کے بعد سعدیہ بیگم نے دروازہ بند کیا اور اسکے پاس آئی۔۔۔

بیٹھو۔ وہ اسے بیٹھنے کا بیڈ پر اشارہ کرنے لگی وہ خاموشی سے بیٹھ گئی وہ اسکے سامنے بیٹھ گئی۔۔ تمہیں لگتا ہو گا تمہارے ساتھ بہت غلط کیا ہے وہ ایسا نہیں تھا وہ یوں غصہ بلاوجہ کبھی نہیں کرتا تھا تھی کوئی لڑکی جسے ارمغان نے بہت ٹوٹ کر چاہا تھا پتہ نہیں وہ کون تھی وہ تو چلی گئی لیکن میرا بیٹا وہی رک سا گیا میں نے آج تک اسکی آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھے اسکے لیے اسے لگتا تھا اور اس نے دماغ میں یہی بات بٹھالی کہ مرد کبھی روتا نہیں ہے لیکن وہ خود کو اندر جو زخم لیے بیٹھا ہے وہ گہرے سے گہری ہوتا چلا جارہا ہے وہ کبھی شادی نہیں کرنا چاہتا تھا کیوں کہ اس کو لگتا ہے کہ دنیا کی ہر لڑکی ایک جیسی ہوتی ہے میں نے تمہارے شادی اسکی کرواکر یہ بتانا چاہتی تھی کہ ہر لڑکی ایک جیسی نہیں ہوتی کچھ آیت جیسے بھی ہوتی ہے۔ تم نے تو خدا کی کتاب بہت قریب سے پڑی ہے نکاح میں بہت طاقت ہوتی ہے آیت میرے ارمغان کو پہلے جیسا کردو۔ وہ اسے دیکھتے ہوئے ایک امید سے بولی۔ لیکن پھوپو میں کیسے۔ آیت انہیں پوچھنے لگ گئی۔ تہجد پڑھتی ہو نا تو کیا تم میرے ارمغان کیلیے تہجد میں دعا نہیں کرسکتی۔۔ وہ اسے بتانے لگی۔ لیکن پھر بھی پھوپھو۔۔ آیت نے پھر سے کہا۔ دیکھو ایک بیوی اپنے شوہر کو اچھے سے برا اور برے سے اچھا بنا سکتی ہے وہ دل کا برا نہیں زبان کا سخت ہے وہ تم سے کبھی شادی نہیں کرنا چاہتا تھا صرف اس لیے کہ وہ ایک معصوم اٹھارہ سالہ لڑکی کا ماما پنے نام سے جوڑ کر اسکی زندگی برباد نہیں کرنا چاہتا تھا۔ وہ اسے بتا کر وہاں سے چلی گئی آیت انہیں دیکھ کر چلی گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ان کے جانے کے کچھ دیر بعد آیت نے نوافل ادا کیے اوہ بہت زیادہ روئی تھی۔اللہ تعالیٰ میرے سارے سوالوں کے جواب دے دو۔۔آیت نے آج کوئی دعا نہیں بلکہ اپنے رب سے یہ کہا تھااور سجدے میں سر دے کر رونے لگ گئی۔۔۔۔۔

"جب دل تکلیف میں ہو تو
سب سے بہترین جگہ سکون کی سجدہ ہے"□♥□□♥□

اس نے نوافل کے بعد قرآن اٹھا کر سورہ بقرہ کی تلاوت کرنا شروع کردی۔آیت نمبر 153 اسکے اندر ایک سکون ساطاری کردیا۔اس آیت کا ترجمہ تھا

"اے ایمان والو صبر اور نماز سے کام لیا کرو
بے شک اللہ صبر کرنے والوں کیساتھ ہے"□😍□♥□

صبح اسکی آنکھ کھلی تو نظر کاؤچ پر سوئے ارمغان پر گئی جو جوتے سمیت دنیا سے بے خبر گھوڑے بیچ کر سو رہا تھا آیت اٹھی اسکے پاس آئی اور پیروں ے پاس بیٹھ کر اسکے جوتے اتارے اور جرابے اتاری اور اس پر چادر ڈال کر فریش ہونے کے غرض سے باتھروم چلی گئی۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد فریش ہو کر باہر آئی اور حجاب کر کے لائٹس وغیرہ آف کر کے کمرے کی نیچے کی طرف بڑھ گئی-----

وہ نیچے آکر کچن میں گئی اور انہیں سعدیہ بیگم کو سلام کیا- انہوں نے جواب دیا- تم نیچے کیوں آگئی ہو اسے اٹھاؤ- سعدیہ بیگم اسے بتانے لگی- لیکن کیسے پھوہوھ وہ تو غصہ ہوں گے- وہ معصومیت سے انہیں کہنے لگی- پاگل لڑکی اسکا مقابلہ کر وہ غصہ کرے کرنے دو مگر تم بھی جواب دو- وہ اسے سمجھانے لگی- وہ انکی بات سمجھ کر اثبات میں سر ہلا کر اوپر کمرے میں آگئی----

اس نے کمرے میں داخل ہوتے ہی کمرے کی ساری لائٹس آن کر دی اور قرآن اٹھا کر اسکی تلاوت کرنا پھر سے شروع کر دی-- ارمغان کو اچانک آنکھ کھلی وہ اٹھ کر بیٹھ کر اسکی طرف دیکھنے لگا- لائٹ آف کرو- وہ اردو سپاٹ لہجے میں کہنے لگا آیت نے خاموش رہنے کا اشارہ کیا اور دوبارہ قرآن کی تلاوت کرنے لگ گئی- لائٹ آف کرو ارمغان نے اسے دوبارہ کہا اس نے پھر کوئی جوبا نہیں دیا- تمہیں سمجھ نہیں آرہی میری بات اس دفعہ سختی سے کہنے لگا اس نے دعا مانگی اور قرآن رکھ کر اسے دیکھنے لگ گئی-- آپ وک اتنا نہیں معلوم جب کوئی بندہ عبادت کر رہا ہوں اسے پریشان نہیں کرتے ہیں- وہ بہت ہمت کر کے بولی اندر سے بہت زیادہ ڈر رہی تھی- ویٹ ایور لائٹ آف کردو- وہ لاپرواہی سے جواب دے کر کہتے ساتھ لیٹ گیا- لائٹ تو آف نہیں شوہر جی جتنا کمرا آپ کا ہے اتنا ہی میرا ہے اگر آپ کو کوئی پرابلم ہے تو اس گھر میں اور بھی بہت سے کمرے ہیں آپ کہیں اور سو جائے-- وہ قرآن پاک جگہ پر رکھ منہ دوسری طرگ کیے کہنے لگی دل بہت ڈر رہا تھا- وہ اسے دیکھ کر اور غصے

Posted On Kitab Nagri

سے منہ پر چادر ڈال کر سو گیا آیت کو لگا تھا وہ چیخے گا آیت نے مڑ کر دیکھا تو وہ سو یا ہوا تھا آیت کو ایک سکون ملا۔۔۔۔

ان دونوں کی شادی کو دو ہفتے گزر چکے تھے اور کوئی فن نہیں تھا جس دن اس نے ارمغان کو غصہ نہیں دیکھا تھا مگر وہ اسکے سامنے زیادہ نہیں بولتی تھی خاموش رہتی تھی جس وجہ سے ارمغان غصہ کر کے خاموش ہو کر چلا جاتا تھا۔۔۔

وہ اپنے سب سے گہرے دوست احمد کے پاس بیٹھا تھا۔ شادی کو بیا دن ہو گئے ہیں کوئی دن نہیں ہے ایسا جس میں نے اسے ڈانٹا ہی نہ ہو مگر مجال ہے وہ خاموشی سے سن لیتی ہے حیرت کی بات ہے۔۔ارمغان اسے بتانے لگا۔ ہو سکتا ہے یار وہ نبھانے والی ہو۔احمد اسکے دوست نے اسے سمجھایا ارمغان قہق لگا کر ہنسا اسکی بات کا مذاق بنا رہا ہو۔۔ لڑکی اور نبھا جائے جو ہی نہیں سکتا سب بے وفا ہوتی ہیں۔وہ اسے دیکھ کر افسردگی سے بتانے لگ گیا۔ارمغان ہر لڑکی مناہل نہیں ہوتی۔وہ سرد لہجے میں کہنے لگا۔ارمغان کے ہاتھ میں موجود گلاس جو تاج اس نے دے کر پھینکا۔۔تجھے کتنی دفعہ کہا ہے اسکا نام نہ لیا کر۔۔وہ غصے سے کن پٹی مسل کر آنکھوں میں سرخ پن لیے کہنے لگا جس پر احمد خاموش ہو گیا۔اور وہ چلا گیا۔۔۔۔۔۔

ارمغان نے گھر میں قدم رکھا ہی تھا۔ تبھی اسکی بہن عزہ کی اونچی آواز سنائی دی۔۔رمضان کا چاند نظر آ گیا ہے۔۔وہ خوشی سے سب کو بتانے لگی سب لوگ سن کر خوش ہوئے اور ایک دوسرے کو گلے سے سلا کر مبارک

Posted On Kitab Nagri

باددی ارمغان لان میں ہی ٹہل رہا تھا آیت سب کو مبارک باد دے کر ارمغان کے پاس جانے کا ارادہ کرنے لگی۔۔۔۔

رمضان کا چاند مبارک ہو۔ایت اسکے پاس آکر ہونٹوں پر مسکراہٹ سجائے اسے کہنے لگی ارمغان نے اسے غصے سے گھورا۔۔ دعا مانگے۔ وہ اسے دیکھتے ہوئے ہاتھ کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگی ارمغان بس اسے گھور رہا تھا مگر آیت پر کچھ خاص اثر نہیں ہوا۔۔ آیت نے دعا کیلیے ہاتھ اٹھائے۔ یااللہ اس رمضان المبارک کے صدقے میں شوہر کے دل میں میرے لیے محبت ڈال دے۔۔ وہ آنکھیں بند کیے دل اپنے خدا سے دعا مانگ رہی تھی ارمغان نے اسے غصے سے دیکھا۔ مانگے نا دعا۔ وہ اسے دیکھ کر پھر سے بات دہرانے لگی۔ میری دعائیں قبول نہیں ہوتی ہے۔ وہ اس پر ایک سرسری سی نظر ڈال کر کہتا کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

آیت اسکے پیچھے کمرے میں آئی جہاں وہ موجود تھا۔ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے آپکی دعائیں قبول نہیں ہوتی۔۔ وہ اسکی پیٹ کو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔ وہ مڑا اسکی طرف ایک نظر دیکھ کر دوبارہ منہ دوسری کر گیا۔۔ میں تمہیں بتانا لازمی نہیں سمجھتا۔ وہ اسے جواب دینے لگا۔ آپ کیسے کہ سکتے ہیں خدا دعائیں قبول نہیں کرتا وہ تو ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے ہمارے ماں ہمارے لیے بہتر فیصلے کرتی ہے اور وہ تو ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے تو سوچا ہے وہ کتنا بہترین چاہتے ہوں گے ہمارے لیے ہاں اگر انہوں نے آپکی کچھ دعائیں رد کی ہیں تو اسی میں کوئی مصلحت ہوگی وہ اس لیے نہیں قبول ہوئی ہوگی کیونکہ وہ آپ کے حق میں بہتر نہیں ہوگا خدا بہترین دیتا ہے۔ آیت کو ارمغان کی بات سن کر افسوس ہوا وہ مڑ کر اسے سر تا پیر دیکھ کر کچھ کہے بغیر باتھروم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آیت کے ماں باپ اسے ملنے کیلیے آئے تھے وہ ان دونوں کے پاس بیٹھی تھی اسے خوش دیکھ کر فائزہ بیگم اور زبیر صاحب کے دل کو ایک اطمینان سے ملا تھا۔ارمغان کہاں ہے اسے بلائیں۔زبیر صاحب شہوار مرزا کو دیکھ کر کہنے لگا۔جی میں بلاتی ہوں۔۔شہوار مرزا خاموش رہے مگر سعدیہ بیگم بول کر اٹھ کر اوپر کی طرف چلی گئی۔۔۔۔۔

وہ بالوں کو کنگی کر رہا تھا تبھی سعدیہ بیگم اسکے پاس آئی۔۔تمہارے سسرال والے آئے ہوئے ہیں۔۔وہ اسے دیکھ کر کہنے لگی۔ارمغان نے مڑ کر ایک نظر انہیں دیکھا کن پٹی مسلی ویٹ ایور۔وہ بول کر خود پر پرفیوم لگانے لگا۔ تمہیں ملنا چاہیے۔وہ اسے کہنے لگی۔یہ سب مجھ سے نہیں ہوتا۔ون سپاٹ لہجے میں کہنے لگا۔مگر وہ بلا رہے ہیں ملنا چاہتے ہیں اگر تم مجھے اپنی ماں مانتی ہوں تو پلیز زز میرے لیے مل لو۔وہ اموشنل انداز میں کہنے لگا۔اوہ پلیز زمام آپ میرے ماں ہیں آپ کے کہنے یا نہ کہنے سے کیا ہوتا ہے۔وہ انکی بات خاطے میں نہ لاتے ہوئے بولا۔بیٹا ہماری عزت کا خیال کر لو بھائی صاحب انتظار کر رہے ہیں پلیز زز۔وہ امید بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔جس پر ارمغان نے ایک نظر انہیں دیکھا اور کچھ کہے بغیر نیچے کی طرف بڑھ گیا سعدیہ بیگم ہلکا سا مسکرا دی۔۔۔

وہ نیچے آیا۔ارے ارمغان بیٹا۔۔وہ خوشی سے کہتے ساتھ اٹھے اور ارمغان کے گلے لگنے لگی ارمغان نے ہاتھ آگے بڑھا دیے تو وہ خاموشی سے پیچھے ہو کر ہاتھ ملا لیا اور بیٹھ گئے ارمغان آیت کیساتھ بیٹھ گ ءا۔وہ لوگ باتیں کر رہے تھے وہ خاموش بیٹھا تھا زبیر ھو سوال کرتا وہ ایک سپاٹ لہجے میں جواب دے دیتا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جاؤبیٹافائزہ کو کمرادیکھاؤاپنا۔سعدیہ بیگم پیار سے کہنے لگ گئی تووہ خاموشی سے انکواپنے ساتھ لے کر چلی گئی وہ دونوں کمرے میں بیٹھے تھے۔

بیٹاارمغان کیسارہتاہے تمہارے تم ٹھیک توہوخوش توہونا۔فائزہ بیگم کے لہجے میں ایک فکرمندی تھی۔جس پر وہ انہیں دیکھنے لگ گئی۔

ارمغان اپناموبائل کمرے میں بھول گیاتھاوہ لینے کے غرض سے کمرے میں جانے لگا۔

جی امی ارمغان میرابہت خیال رکھتے ہیں میں بہت خوش ہوں بہت زیادہ آپ پریشان نہ ہو۔وہ انہیں تسلی دینے لگی جس پر وہ مسکرادیااور باہر کھڑاارمغان یہ سب سن چکاتھاوہ خاموشی سے وہاں سے چلاگیا۔۔۔۔۔

آیت اس وقت عشاکی نمازاداکرنے میں مصروف تھی اورارمغان اسے بہت غور سے دیکھ رہاتھاآیت نے نمازادا کرلی۔۔ویسے توتم بڑی پانچ وقت نمازی بڑی اسلامک بنتی ہوکیاتمہیں یہ نہیں پتہ اسلام میں جھوٹ بولناگناہ ہے۔وہ اسے دیکھتے کہنے لگاآیت نے مڑکرایک نظراسے دیکھا۔جی بلکل میرے اسلام میں جھوٹ بولناگناہ ہے میراﷲ جھوٹ بولنے والے کو بلکل پسند نہیں کرتا۔آیت نے اسے جواب دیا۔تم نے جھوٹ بولاہے اپنے گھر والوں کے سامنے۔ارمغان نے اسے بتایا۔چھپ کر بات سننابھی گناہ ہے۔آیت اسے جواب دینے لگی۔ویٹ ایور۔وہ اپناپسندیدہ لفظ بولا۔آیت اسکے پاس آکر بیٹھی بے شک میرااسلام بہت سادہ ہے اوراسلام میں جھوٹ بولناگناہ ہے خدااپنے بعداگرکسی کو سجدہ کرنے کارتبہ دیتاتووہ بیوی کواپنے شوہر کے آگے دیتااور میں جانتی ہوں

Posted On Kitab Nagri

میرے اللہ اس بات پر مجھے گناہگار نہیں ٹھہرائے گا۔وہ اسے جواب دے کر بیڈ پر آ گئی اور وہ اسے دیکھنے لگ گیا۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

دو بج رہے تھے آیت کو نیند نہیں آ رہی تھی وہ ڈھائی بجنے کا انتظار کر رہی تھی سحری کیلیے وہ یوں ہی لیٹی ہوئی تھی کہ تبھی ارمغان اٹھا اور گاڑی کی چابی اٹھا کر جانے لگا۔ کہاں جا رہے ہیں آپ -۔ ایت اسے جاتا دیکھ کر پوچھنے لگی ارمغان نے غصے سے اسے مڑ کر دیکھا۔ مم -۔ میرا -۔ -۔ مطلب -۔ -۔ روزہ -۔ سحری۔ وہ ڈر کر رہ گئی اور ٹوٹے پھوٹے الفاظ ادا کرنے لگی۔ وہ کچھ کہے بغیر غصے سے کمرے سے نکل کر دروازہ بند کر کے چلا گیا اور آیت سانس لینے لگی وہ اسکی آنکھوں سے بہت ڈرتی تھی -۔ -۔ -۔

وہ نیچے اٹھ کر آئی تو سب لوگ پہلے سے موجود تھے۔ پھوپھو وہ تو چلے گئے۔ آیت انہیں بتانا لازمی سمجھنے لگی جس پر وہ ایک اداس مسکراہٹ چہرے پر آئی۔ وہ تو چار سال سے روزے نہیں رکھتا چار سال سے اس نے نماز نہیں پڑھنی چار سال سے عید پر نئے کپڑے بھی نہیں پہنے اس نے۔ وہ اداسی سے بتانے لگی جس پر آیت کو حیرت ہوئی تھی -۔ -۔

ان سب نے سحری کی تھی اور آیت کمرے میں آ کر فجر کی نماز ادا کر کے قرآن پڑھنے لگ گئی -۔ -۔ -۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سڑک پر تیز رفتار سے گاڑی دوہرا رہا تھا اس کے ذہن میں آیت کی بات آئی (وہ آپ کے حق میں بہتر نہیں ہو گا خدا بہترین دیتا ہے۔) اس نے اپنے دماغ پر ہاتھ رکھا۔ نہیں ارمغان نہیں اسے اپنے دماغ پر حواس نہیں کرنا تو نے کسی لڑکے کو اپنی دماغ پر حواس نہیں کرنا۔ وہ کہتے ساتھ سگریٹ نکال کر پینے لگا ایک پی دوسری پہ تیسری پی وہ پیتا چلا گیا اور پھر گھر کی طرف گاڑی موڑ دی -۔ -۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کمرے میں آیا تو وہ قرآن پڑھ رہی تھی ارمغان نے اسے دیکھا۔ یہ دیکھاوا تم کس کے سامنے کرتی ہو۔ارمغان نے اسے سرد لہجے میں کہا آیت قرآن پڑھنے میں مگن رہی۔ میں تم سے بات کر رہا ہوں تمہیں کیا لگتا ہے مجھے تمہاری یہ حرکتیں پسند ہے جب گھر آتا ہوں قرآن پڑھ رہی ہوتی یا نماز۔ وہ غصے سے اسے کہنے لگا۔ آج تک آپ نے جو کہا میں نے سنا لیکن اگر آپ کو میری عبادت کے بارے میں کچھ کہیں گے تو میں بلکل خاموش نہیں رہوں گی اگر آپ کو نہیں پسند تو کل سے میں آپ کو یہاں نظر نہیں آؤں گی۔۔ وہ بھی اسے سرد لہجے میں جواب دے کر کمرے سے چلی گئی۔۔۔۔۔۔4

ارمغان کی آنکھ کھلی تو آیت کو کمرے میں نہیں پایا وہ اٹھ کر باتھروم میں چلا گیا فریش ہوا واپس آیا اور کنگی کر کے نیچے آیا تو نظر اس پر گئی جو عزہ کیساتھ کام کرنے میں مصروف تھی وہ کچن میں آیا اس نے فرج کھولا اسے پانی نہیں ملا ارمغان نے غصے سے کن پٹی مسلی وہ فروٹ باکسٹ سے فروٹ اٹھانے ہی لگا تھا۔ روزے داروں کیلیے ہے۔ آیت اسکے سامنے سے اٹھا کر کہتے ساتھ وہاں سے چلی گئی ارمغان نے دوبارہ سے کن پٹی مسلی اور سر پر ہاتھ رکھا۔ مام۔ارمغان کو حد سے زیادہ غصہ آرہا تھا وہ غصہ ہر قابو کرنا چاہ رہا تھا اسلیے سرد لہجے میں سعدیہ بیگم کو بلایا وہ اسکے پاس آئی۔ مجھے کچھ بنادیں مجھے بھوک لگی ہے۔۔ وہ انہیں دیکھ کر کہنے لگا۔۔ تمہیں شرم نہیں آئی روزے دار سے یہ کہتے ہوئے کہ کھانا بنادو۔ وہ اسے بدلے میں سرد لہجے میں جواب دینے لگی۔۔ اوکے کسی میڈ سے کہ فیں۔۔ ارمغان نے انہیں کہا۔ ساری میڈز کو چھٹی دے دی اب وہ عید کے بعد آئیں گے انہوں نے بھی روزے رکھنے ہوتے ہیں۔۔ سعدیہ بیگم نے جواب دیا۔ ویٹ اپور میں باہر سے آرڈر کرلیتا ہوں۔ارمغان سرد لہجے میں بولتے ساتھ چلا گیا اور وہ اسے جاتا دیکھنے لگ گئی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارمغان نے کھانا آرڈر کیا تھا اور کھا کر وہ تھوڑی دیر کمرے میں رہا جب افطاری کا وقت ہوا تو وہ سب لوگ بیٹھے روزے کھلنے کے انتظار میں تھے وہ نیچے آیا اور جانے لگا-- سعدیہ بیگم نے اسے دیکھا۔افطاری تو ہمارے ساتھ کر سکتی ہو--وہ سرد لہجے میں کہنے لگی-- جس پر اس نے مڑ کر دیکھا--جب روزہ نہیں رکھا وہ افطاری کا بات کی کروں۔ وہ کہتے ساتھ پچانے لگی افطاری کرنے سے تو ثواب ملتا ہے۔ آیت ارمغان سے کہنے لگ ے ئی۔ ارمغان نے غصے سے اسے دیکھا۔ اسکا ہر بات پر بولنا لازمی وہ لفظ چبا کر کہتے ساتھ چلا گیا وہ سب لوگ خاموش ہو گئے------

وہ افطاری کے بہت دیر بعد گھر میں آیا کمرے میں داخل ہوا تو آیت نہیں تھی وہ کچھ کہے بغیر کاؤچ پر بیٹھ گیا۔ وہ کافی دیر یوں ہی بیٹھا رہا آیت نہیں آئی کہیں چلی تو نہیں گئی چھوڑ کر بھاگ تو نہیں گئی۔ ارمغان کہتے ساتھ اٹھا اور الماری جھولی۔ نہیں یار کپڑے تو یہی ہے وہ خود سے کہہ کر کمرے سے باہر گیا اور اسے ڈھونڈنے لگا وہ اسے کہیں نہیں دیکھی۔ چھت پر-- عزہ سمجھ گئی وہ کسے ڈھونڈ رہا ہے تو اس نے بتایا وہ ایک نظر عزہ پر ڈال کر اوپر چھت پر چلا گیا---

وہ چھت پر آیا تو وہ جائے نماز پر بیٹھی خدا کے سامنے رو رہی تھی۔ اللہ تعالیٰ انکے دل میں میرے لیے محبت ڈال دے میں تو ہمیشہ محرم کی محبت چاہتی تھی۔ وہ پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے کہتے سجدے پر جھک گئی۔

Posted On Kitab Nagri

ارمغان کے دماغ میں اچانک اسکی دادی کی بات آئی۔اگر کوئی تمہارا نام لے کر خدا کے سامنے رو پڑے تو سمجھ جانا معاملہ خدا کی عدالت کا چکا ہے۔۔ارمغان یہ بات سوچ کر ایک عجیب حالے مبتلا ہوا تھا وہ گھبرا کر رہ گیا تھا وہ اسے ایک نظر دیکھ کر نیچے چلا گیا اور وہ گھر سے دوبارہ نکل گیا اور گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔

وہ تیز گاڑی پر دوہراتا جا رہا تھا میرا نام لے کر رو رہی تھی میں بہت برا ہوں کیا یار میرا نام لے کر رو رہی۔اسکے دماغ پر یہی بات سوار ہو گئی تھی کہ وہ اسکا نام۔لے کر خدا کے سامنے رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ یوں ہی گاڑی سڑک پر دوہراتا واپس گھر کو ہی لوٹا وہ گھر میں داخل ہوا تھا آیت نیچے ہی جا رہی تھی اور وہ سیڑھیاں چڑھ رہا تھا وہ اسے ٹکراتے ٹکراتے بچی تھی آیت گھبرائی اور نیچے جانے لگی تم کمرے میں رہ سکتی ہو میں نے منع نہیں کیا۔وہ اسے جاتا دیکھ کر کہنے لگا۔آیت نے کوئی جواب نہیں دیا۔تم سے مخاطب ہوں میں۔۔ارمغان اسے سرد لہجے میں کہنے لگا۔جی ٹھیک ہے۔۔آیت اسے کہتے ساتھ کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دونوں کمرے میں آئے ارمغان کمرے میں آتے ساتھ ہی سو گیا آیت بیڈ پر لیٹ گئی اور سحری کا انتظار کرنے لگی جب سحری کا وقت ہوا وہ اٹھ کر اسکے قریب سے جانے لگی ارمغان کے ناک سے اسکی خوشبو ٹکرائی ارمغان نے آنکھ کھول کر اسے دیکھا جو باہر جا رہی تھی۔کہاں جا رہے ہو اب۔وہ غصے سے پوچھنے لگا۔آیت نے کچھ کہے بغیر گھڑی کی طرف دیکھا۔وقت دیکھا ہے سحری کا وقت ہو گیا ہے سحری بنانی ہے مجھے۔وہ بھی منہ بنا کر جواب

Posted On Kitab Nagri

دے کر چلی گئی اور ارمغان نے کن پٹی دوبارہ مسلی-- کدھر پھنس گیا ہوں میں- خود سے کہ کر وہ لیٹ گیا- ہونہہ-- وہ منہ بنا کر چلی گئی-----

سحری کر کے آیت نے فجر کی نماز ادا کی اور بہت دیر تک دعا کرتی رہی پھر اٹھ کر جائے نماز جگہ پر رکھ کر بیڈ پر آ کر قرآن مجید پڑھا اور پھر سو گئی---

دوپہر کے وقت ارمغان اٹھا فریش ہوا اور کسی سے کوئی بات کیے بغیر چلا گیا--

وہ اس وقت احمد کے پاس موجود اور اپنا پسندیدہ مشغلہ سگریٹ پینے میں مصروف تھا- کیا ہوا ہے- احمد کو وہ پریشان لگ رہا تھا-- میں گھر والوں کو کہتا رہا مجھے نہیں کرنی ہے شادی اس لڑکی کی زندگی برباد کر دیا وہ حد سے زیادہ معصوم ہے بہت معصوم میرا غصہ برداشت نہیں کر سکتی ہے- ارمغان کن پٹی مسل کر بتانے لگا- تو تم غصہ نہ کرو نارمل رہو- احمد نے اسے مشورہ دیا نہیں ارمغان مرزا کا دل پتھر کا بن چکا ہے اب اس دل میں کوئی اور نہیں آ سکتا- ارمغان نے حساس لہجے میں کہا-- یہ سب تمہارا وہم ہے تم ایک دفعہ کوشش کر کے تو دیکھو- احمد نے اسے سمجھایا وہ اسے دیکھنے لگ گیا------

وہ گھر میں داخل ہوا وہ صوفے کیساتھ ٹیک لگا کر سوتے ہوئے کوئی معصوم سی بچی لگ رہی تھی ارمغان نے اسکی طرف دیکھا- کس چیز کی کمی تھی اس میں کیوں کیا اسکے ماں باپ نے میرے ساتھ اسکا نکاح میرے بارے میں

Posted On Kitab Nagri

جانتے ہوئے بھی ۔۔ وہ خود سے یہ سوال کر رہا تھا مگر جواب نہیں مل رہا تھا وہ ویسے ہی سوتی رہی اور وہ کچھ دیر اسے دیکھتا رہا اور باتھروم میں چلا گیا ۔۔۔

وہ کچھ دیر بعد فریش ہو کر واپس آیا تو وہ فون استعمال کر رہی تھی وہ کچھ کہے بغیر اپنی جگہ پر سو گیا ۔۔

یس یس ۔۔ آیت خوشی سے چیخی ارمغان جو گہری نیند سو رہا تھا ایکدم اٹھ گیا ۔ کیا ہوا ۔ وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا ۔ 100k شکر ہے جیت گئی ہوں ۔ وہ اسے بتانے لگی ارمغان اسے دیکھتا رہا ۔ تم پاگل ہو ۔ ارمغان اس سے سوال کرنے لگا ۔ نہیں ۔ وہ معصومیت سے مسکرا کر جواب دے گئی اور وہ کچھ دیر اسکا مسکراتا چہرہ دیکھنے لگا ۔ عجیب ۔ ارمغان کو کچھ سمجھ نہیں آئی تو یہ کہ کر وہ سو گیا ۔ وہ سویا ہوا تھا اسکی آنکھوں کے سامنے آیت کا مسکراتا ہوا چہرہ آیا وہ ایکدم اٹھا ۔ کیا ہو رہا ہے مجھے ۔ وہ خود سے کہ کر سر پکڑ کر اور لیٹ گیا ۔۔۔۔

سب نے ہمیشہ کی طرح سحری کی اور اذان کے بعد سب نے فجر ادا کی اور پھر قرآن کی تلاوت کرنے لگ گئی ۔۔۔۔

وہ باہر جانے کیلیے ہی نکل رہا تھا کہ 4000035000 اسے دینے لگا ۔ یہ کس لیے ۔ آیت نے اس سے سوال کیا ۔ وہ مام نے کہا تھا تمہیں دے دوں تم عید کی شاپنگ کر لو ۔ وہ اسے سپاٹ لہجے میں جواب دینے لگا آیت نے پیسے واپس اسکی ہتھیلی پر رکھ دیے ۔ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے ۔۔ وہ اسے تھما کر کہنے لگی ۔ کیوں شوہر کی ذمہداری نہیں ہوتی اسکی بیوی ۔ ارمغان اسے کہنے لگا ۔ بلکل شوہر کی ذمہداری ہوتی ہے بیوی مگر مجھے یہ نہیں

Posted On Kitab Nagri

چاہیے اگر آپ نے مجھے عید کا تحفہ دینا بھی ہے نا تو مجھے اپنی محبت دے دیجیے گا مجھے یہ سب نہیں چاہیے وہ جواب دے کر بیڈ پر بیٹھ گئی اور ارمغان بیلکونی میں چلا گیا۔۔۔۔۔

یہ کیا تم۔اس دفعہ بھی میرے لیے یہ لائے ہو۔۔مناہل اسے منہ بنا کر ناراضگی سے بولی۔یہ ڈائمنڈ رنگ ہے کمول۔۔ارمغان اسے بتانے لگ گیا۔پچھلی دفعہ بھی تو تم یہی لائے تھے حد ہے ارنغان۔وہ غصے سے اسے بولی تمہیں ان چیزوں کی قدر ہے پیسے سے محبت میرے پیار کی نہیں ہے قدر۔ارمغان اس سے پوچھنے لگا۔پھیٹ پیسوں سے بھرتا ہے پیار سے نہیں۔وہ جواب دے گئی۔

ارمغان یکدم ہوش میں آیا۔اور کن پٹی مسلی۔۔۔۔۔۔

سعدیہ بیگم بیٹھی ترجمے کیساتھ قرآن پڑھ رہی تھی انہوں نے ایک قرآن کی آیت پڑھی۔وہ بھی آنکھیں بند کیے وہی بیٹھا تھا دھیان قرآن پڑھ تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ

ترجمہ "ہم کو سیدھا راستہ دیکھا۔

یا اللہ میں موجود سب لوگوں کو سیدھا رستہ دیکھا۔دے آمین۔وہ اونچی آواز میں دعا کرنے لگی۔ارمغان نے اسے دیکھا سعدیہ بیگم مسکرانے لگ گئی۔ویٹ ایورم وہ کہ کر اٹھ گیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ہمیشہ کی طرح اس وقت سڑک پر تیز رفتار سے گاڑی بھگا رہا تھا وہ یہی سوچ رہا تھا شادی کے بعد اس نے آیت پر ہر طرح سے غصہ کیا اپنا گندے سے بھی گندی روپ دیکھایا مگر وہ اسکے سامنے کچھ نہیں بولی وہ حد سے زیادہ پریشان تھا وہ تیز تیز گاڑی چلائی جا رہا تھا اور ذہن میں بس یہی بات تھی۔ وہ بہت دیر یوں ہی گاڑی سڑک پر دوہراتا رہا اور گاڑی گھر کی طرف موڑ لی۔۔۔۔

وہ گھر میں داخل ہوا اور کمرے میں آیا جہاں وہ بیڈ پر بیٹھی تھی۔ تمہارے ماں باپ کو تم سے محبت نہیں تھی۔ ارمغان سرد لہجے میں پوچھنے لگا۔۔ مطلب۔ آیت نے بدلے میں سوال کیا۔ وہ جانتے تھے کہ میں آوارہ ہوں برا بے فضول کام زیادہ کرتا ہوں کوئی ٹھیک کام نہیں ہے میرا تو تم معصوم سی بچی ہو کیا تمہیں میرے پلے باندھ دیا دیکھو میں تمہیں ابھی بھی کہتا ہوں میں تمہیں طلاق دے دیتا ہوں میں اچھا نہیں ہوں میں تمہارے قابل نہیں ہوں۔ وہ سرد لہجے میں کہنے لگا۔ بسسس۔ آیت کو اسکی بات سن کر حد سے زیادہ غصہ آیا۔ اللہ تعالیٰ کو طلاق سب سے زیادہ ناپسند عمل لگتا ہے اور رہی بات آپ کے قابل نہ ہونے کی تو اللہ نے ہمارا جوڑا تنا پہلے نہیں بنایا ہوتا آپ برے نہیں ہے بس آپ حالا قو خان ہے۔ وہ اسے بغیر ڈرے کہنے لگی۔۔ مطلب۔ ارمغان کو اسکی بات سمجھ نہیں آئی۔۔ آپ کی آنکھیں مجھے حلاق کرتی ہیں۔ وہ اسے کہنے لگی۔ ویٹ اور وہ کہتے ساتھ کن پٹی مسل گیا۔۔ میں اچھا نہیں ہوں تمہارے قابل نہیں ہوں۔ وہ وہی بات کرنے لگ گیا۔ اگر آپ میرے قابل نہیں ہوتے تو میرا اللہ آپ کا اور میرا نصیب نہیں جوڑتا آپ برے نہیں بس غصے کے تیز ہے میں خوش ہوں آپ کے ساتھ۔ آیت اسے بتانے لگی۔ کیسے میں تو تم پر چیختا ہوں چلاتا ہوں۔ ارمغان اسے بتانے لگا وہ بیڈ پر بیٹھ گیا آیت اسکے پیروں پر بیٹھی۔ ہم مشرقی لڑکیاں ہیں ہمیں بچپن سے یہی سمجھایا جاتا ہے شوہر سے محبت کرنی ہے اسکی قدر کرنی ہے

Posted On Kitab Nagri

نامحرم سے کبھی بات نہیں کرنی وہی کر رہی ہوں میں میں نے کہانا آپ کو آپ برے نہیں لیکن آپ جو اپنے اندر درد لیے بیٹھے ہیں صرف اس وجہ سے غصہ ہوتے ہیں۔آیت اسے بتانے لگی جس پر ارمغان نے اسے دیکھا۔کون سا درد۔ارمغان نے اس سے سرد لہجے میں پوچھا۔مجھے دو لوگوں پر بہت دکھ ہوتا ہے ایک وہ جو سچی محبت چھوڑ کر چلے جاتے ہیں دوسرا وہ جو انکے جانے کے بعد تکلیف میں ہوتے ہیں۔آیت اسے بتانے لگی۔میں کسی تکلیف میں نہیں ہوں۔ارمغان غصے سے کہتے ساتھ جانے لگا۔یہی سب سے بڑا جھوٹ جو انسان خود سے بولتا ہے وہ جا چکی ہے۔آیت اسکے پاس آکر کہنے لگی۔شیٹ اپ جسٹ شیٹ اپ کوئی نہیں ہے میں نے کہانا میں کسی تکلیف میں نہیں ہوں۔ارمغان اسے کہنے لگا۔انسان کی یہی سب سے بڑی غلطی ہے وہ ایک بے وفا کیلیے خود کو وہی روک لیتا ہے مرنے والے ساتھ مرا نہیں جاتا ارمغان صاحب اسی طرح جائے جانے والے کیلیے وہی رکا نہیں جاتا زندگی میں آگے بڑھنا ہوتا ہے اپنے لیے اپنے ماں باپ کیلیے ان سب کیلیے آگے بڑھنا ہوتا ہے۔۔آیت اسے بتانے لگی ارمغان غصے سے اسے دیکھ رہا تھا۔آج اپنے دل میں جو درد جو تکلیف لیے بیٹھے ہیں وہ نکال دے دل میں جو ہے سب نکال پھینکے۔ایت اسے کہنے لگی ارمغان غصے سے وہاں سے نکل گیا اور کھٹاک کی آواز آئی دروازے بند ہوا اور آیت ڈر کر رہ گئی ارمغان کے دماغ پر اسکی باتیں ہی چل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ ہمیشہ کی طرح گاڑی سڑک پر دوہرا رہا تھا اور آیت کی باتیں اسکے دماغ میں چل رہی تھی ارمغان نے سگریٹ پینا شروع کر دی اور وہ مسلسل پیتا گیا اسے آیت کی باتیں صحیح لگی تھی جب دماغ بلکل سن ہو گیا تھا تو گاڑی گھر کی طرف موڑ دی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ گھر آیا اور کمرے کی طرف بڑھا کمرے میں آیا تو ہو بیٹھی تھی ارمغان کچھ کہے بغیر اسکے پاس آکر بیٹھا آیت اسے دیکھنے لگ گئی۔ ارمغان اسے دیکھنے لگ گیا۔ تمہیں پتہ ہے میں نے اسے بہت ٹوٹ کر چاہا تھا بہت زیادہ سب کچھ جو وہ کہتی میں وہ کر دیتا تھا سب آسائشیں میں نے اسے دی تھی اور یہی چاہتا تھا بس یہی اس سے کہ وہ شادی کرلے مجھ سے۔ وہ بولتے ہوئے بلکل ٹوٹا ہوا شخص لگ رہا تھا آیت نے اسکی طرف دیکھا۔ میں نے اپنا درد ختم کرنے کی۔ بہت کوشش کی مگر نہیں ہوا ختم۔ وہ اسے بتانے لگا۔۔ آپ کو پتا ہے اللہ کن انسان کو آزمائشوں میں کھڑا کرتا۔ آیت اس سے پوچھنے لگی ارمغان نے اسکی طرف دیکھا۔ اللہ ان لوگوں کو آزمائشوں سے گزارتا ہے جس سے اللہ بہت پیار کرتے ہوتے ہیں جس سے اللہ کو پتہ ہوتا ہے یہ انسان میری تکلیفیں سہ لے گا۔ وہ اسے بتانے لگی۔ میں نے بہت مانگا تھا اسے دعاؤں میں خدا سے مانگا تھا مگر میری دعا قبول نہیں ہوئی نہیں ہوئی اور آج میں اسے بھولنا چاہتا ہوں۔۔ ارمغان نے آیت کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔ آپ ایک بے وفا کے لیے میرے خدا کو ناراض کرر رہے ہیں اللہ نے آپ کو مشکل میں اس لیے ڈالا کیونکہ اللہ آپ کو اپنے پاس بلانا چاہتا تھا اپنی طرف کرنا چاہتا تھا آپ گئی جب آپکی دعا قبول نہیں ہوئی تو آپ دوسری طرف ہو گئے مجھے نہیں پتہ کہ جو انسان چھوڑ کر جاتا اس کے ساتھ دوسرا انسان وہی رک سا جاتا ہے لیکن اگر قبرستان جائیں تو۔ دیکھیں کسی کی جوان اولاد کسی کی بیوی کسی کا شوہر کسی کے ماں باپ کی قبریں ہوتی ہیں کہاں وہ لوگ بھی ان کیساتھ مر جاتے ہیں انکے بغیر جیتے ہیں نا میں جانتی ہوں آپ بہت تکلیف بہت زیادہ اور خدا نے اس لیے آپکی دعا نہیں سنی کیونکہ وہ آپ کے حق میں بہتر نہیں تھی وہ لڑکی کبھی آپ سے وفا کر ہی نہیں سکی تھی آیت اسے بتانے لگی ارمغان نے اسکی طرف دیکھا۔ اگر اتنی محبت اتنا پیار مجھ سے کیا ہوتا تو میں آپ کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑتی آپ سے اتنی وفا کرتی بہت زیادہ۔ آیت اسے بتانے لگا ارمغان نے اسے دیکھا اور کچھ کہے بغیر صوفے پر جانے لگا۔ آج ایک دفعہ پھر خدا سے باتیں کر کے

Posted On Kitab Nagri

دیکھیں کیا پتہ تکلیف کم ہو جائے۔وہ اسے سوتا دیکھ کر کہنے لگی۔ نیند آرہی ہے۔وہ سرد لہجے میں کہ کر لیٹ گیا۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

www.kitabnagri.com

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ایک بات بولوں۔آیت اس سے اجازت لینے لگی۔۔ ہمم۔ارمعان نے اسے اجازت دی۔آپ اسے کب کا بھلا چکے ہو مگر آپ بس تسلیم نہیں کر سک رہے آج تسلیم کر لیں ارمغان مرزا آپ اسے بھلا چکے ہیں۔آیت اسے کہنے لگی جس پر وہ خاموش رہا اور آیت نے لائیٹس آف کر دی اور لیٹ گئی۔۔۔۔۔

صبح وہ اٹھا فریش ہوا اسے کافی عرصے بعد اتنی نیند آئی تھی اسے آیت کمرے میں نہیں دیکھی وہ نیچے آیا اسے وہ وہاں بھی کہیں نہیں دیکھی تھی۔وہ فریش ہوا۔ کہاں ہے وہ۔ارمغان سعدیہ بیگم سے پوچھنے لگا۔کون وہ۔سعدیہ بیگم کو اسکی بات سمجھ نہیں آئی۔ کیا نام تھا میری بیوی کا نام۔۔وہ سوچنے لگا آیت کچن میں ہے۔انہوں نے اسے بتایا جس سے وہ خاموشی سے کچن کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

اہم اہم وہ کچن میں آکر کھانسا آیت مڑ کر اسے دیکھنے لگ گئی۔۔کچھ چاہیے کیا۔آیت نے اس سے پوچھا۔ہ۔ہاں پانی۔وہ تھوڑا ہچکچاتے ہوئے کہتے ساتھ پانی پی کر چلا گیا آیت اسے دیکھتی رہی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج ارمغان باہر نہیں گیا تھا وہ گھر ہی رہا تھا افطاری کا وقت ہو چکا تھا سب لوگ ڈائننگ ٹیبل پر موجود تھے وہ بار بار ان سب کو دیکھ رہا تھا اسے لگا تھا اسے بلائیں گے مگر ان سب کو لگا اسکا روزی نہیں ہے اور وہ آئے گا بھی نہیں تو کسی نے نہیں بلایا تبھی آیت نے ایک پلیٹ تھامی اس میں دو کھجوریں پکوڑے اور کچھ اور چیزیں رکھ کر ارمغان کے پاس آئی۔۔آج میں روزی نہیں کھولوں گی۔آیت اسے دیکھ کر بولی ویٹ ایور۔وہ یہ کہتے ہوئے خاموش ہو گیا۔ آج آپ مجھے اپنے ہاتھ سے کھلائیں گے تو روزی کھولا ورنہ نہیں۔وہ اسے کہنے لگا۔زیادہ مت بولو خاموش رہو۔وہ

Posted On Kitab Nagri

اسے سرد لہجے میں کہنے لگا۔ٹھیک ہے پھر میں روزی نہیں کھولوں گی بھوکی رہون گی اللہ تعالیٰ کہتا ہے توشہ دار افطاری کے وقت مجھ سے جو دعا مانگے وہ قبول کروں گا آپ تو انسان ہیں میری ایک چھوٹی سی دعا قبول کر دیں۔ آیت اسے معصومیت سے کہنے لگی ارمغان نے اسکی طرف دیکھا اذانیں ہونا شروع ہو گئی ارمغان نے کھجور اٹھائی اور آیت کے منہ میں ڈالی آیت خوش ہوئی وہی سب حیرت سے ارمغان کو دیکھنے لگ گئے۔چیونٹی کاٹیے گا مجھے۔عزہ شہوار مرزا سے کہنے لگی اس کے ری ایکشن پر وہ ہلکا سا مسکرائی ان میں سے کسی کو یقین نہیں آرہا تھا۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں بیٹھی قرآن پڑھ رہی تھی ارمغان اسے گھور کر دیکھ رہا تھا وہ کب سے اسے دیکھتا جارہا تھا اسکی آواز میں سکون تھا ارمغان کو ایک سکون سا محسوس ہو رہا تھا وہ آنکھیں بند کر کے اسکی تلاوتِ قرآن سننے میں مصروف ہو گیا آیت نظریں اٹھا کر اسے دیکھنے لگی اور ہلکا سا مسکرائی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارمغان کی صبح آنکھ کھلی تو وہ گہری نیند سو رہی تھی ارمغان اسے دیکھنے لگ گیا ارمغان کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی۔ اگر اتنی محبت اتنا پیار مجھ سے کیا ہوتا تو میں آپ کا ساتھ کبھی نہ چھوڑتی آپ سے بہت وفا کرتی بہت۔ارمغان کے ذہن میں آیت کی کل والی بات آئی۔ نہیں ارمغان نہیں تو کسی لڑکی کیلیے خود کو نرم نہیں کر سکتا نہیں بلکل۔۔وہ کن پٹی مسل کر دل میں کہتے ساتھ اسے ایک نظر دوبارہ دیکھ کر وارڈروب کی طرف بڑھا ایک شرٹ نکال کر رکھ دی اور باتھروم میں چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد آیت کی آنکھ کھلی تو نظر بیڈ پر پڑی شرٹ پر گئی۔۔ کتنس گندہ کلر ہے یہ۔ وہ اس شرٹ کا رنگ دیکھ کر کہتے ساتھ اٹھی اور وارڈروب سے اسکی کیے شرٹ نکالی اور وہ رکھ دی تبھی ارمغان شاور لے کر باہر آیا تو آیت باتھروم میں گھس گئی۔۔۔۔۔

ارمغان کی نظر جب بیڈ پر پڑی شرٹ پر گئی یقیناً آیت کا کام ہی ہو گا ارمغان جو پتہ تھا اسے حد سے زیادہ غصہ آیا۔ یہ کیا ہے۔ آیت کے باہر آتے ہی ارمغان آیت سے مخاطب ہوا۔۔ شرٹ ہے۔ وہ سنجیدگی سے اسے جواب دے گئی۔۔ وہ مجھے بھی دیکھ رہی ہے تم نے کیوں چینج کی ہے۔۔ وہ اسے سرد لہجے میں پوچھنے لگا۔ کیونکہ مجھے وہ نہیں پسند آئی تھی پھیکا کلر تھا۔۔ وہ اسے منہ بنا کر بتانے لگا۔ میں تمہیں لاسٹ دفعہ کہہ رہا ہوں مجھ سے دور رہو۔ وہ اسے انگلی سے وارن کرنے لگا آیت کی آنکھوں میں نمی آگئی ارمغان نے اسے دیکھا۔ بیوی سے غصے سے بات کر رہیں دیکھیے گا اللہ تعالیٰ آپ سے کتنا ناراض ہوں گے۔ وہ بولتے ہوئے اس وقت حد سے زیادہ پیاری لگ رہی تھی ارمغان نے اسے ایک نظر دیکھا۔ ویٹ اینڈ آج کے بعد میرے کپڑوں کو ہاتھ مت لگانا وہ لہجہ میں تھوڑی نرمی لیے کہتے ساتھ شرٹ اٹھا کر جانے ہی لگا تھا کہ شرٹ زمین پر گر گئی ارمغان وہ شرٹ اٹھانا کیلیے جھکا آیت بھی فوراً بھاگ کر اسکے پاس آئی آیت جیسے ہی اسکے مقابل بیٹھی دونوں کا سر ٹکرا گئی۔۔ اوہ۔۔ آیت سر پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگی ارمغان غصے سے بھری نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا آیت نے اپنے دونوں ارمغان کے چہرے پر رکھ دوبارہ سر ٹکایا اور وہ اسے بس دیکھتا رہا شکر ہے ورنہ لڑائی ہو جاتی۔ آیت اسے نظرانداز کر کے خود سے کہہ کر اٹھنے لگی۔۔ اور وہ غصے سے اسے دیکھ کر شرٹ اٹھا کر چلا گیا آیت اسے جاتا دیکھنے لگ گئی۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ایک بات ہے بھابی آپ بھائی کیساتھ رہ کیسے رہیں۔ وہ جو کچن میں فروٹس کاٹ رہی تھی عزہ کی بات سے اسکی طرف دیکھتی ہے مطلب۔ وہ اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔ اتنے غصے والے ہیں چوبیس گھنٹے غصہ کرتے رہتے ہیں میں تو کبھی نہیں رہ سکوں۔ عزہ اسے کہنے لگی۔

تبھی ارمغان وہاں سے گزر رہا تھا یہ بات سنتے ہی وہ وہی رک جاتا ہے۔

وقت سب سیکھا دیتا ہے مگر اللہ کرے تمہارے نصیب اچھی جگہ لکھا ہو وہ بھی برے نہیں ہے بس غصے کے تیز ہے لیکن دیکھنا ایک دن میرا اللہ میرے صبر کا پھل مجھے ضرور دے گا۔ وہ اسے مسکرا کر جواب دینے لگی اور ارمغان یہ جواب سن کر وہاں سے چلا گیا۔ عزہ مسکرائی۔ اتنا صبر کیسے ہیں آپ میں۔ عزہ کو اسکی ہر ایک بات میں دلچسپی سی ہونے لگی اس لیے پوچھنے لگی۔۔ میرا رب ہے نا وہ دیتا ہے۔ وہ مسکرا کر جواب دینے لگی۔ آپ کو اللہ پر بہت یقین ہے۔ عزہ اس سے ایک اور سوال کرنے لگا ایک وہی تو ہے جو کبھی ناراض نہیں کرتا ہماری ساری دعائیں سنتا ہے یقین کیسے نہ کروں۔۔ وہ اسے مسکرا کر بتانے لگی۔ جس پر عزہ خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ احمد کے پاس موجود تھا مگر ذہن میں باتیں آیت کی گردش کر رہی تھی۔ کیا ہوا بھائی کیا سوچ رہا ہے۔ وہ اس سے سوال کرنے لگا۔ ارمغان نے اسکی طرف دیکھا۔ وہ بہت عجیب ہے یقین کر میں نے اپنی زندگی میں ایسی لڑکی نہیں دیکھی۔ وہ آیت کو سوچ کر بتانے لگی۔۔ کون لڑکی بھائی۔۔ احمد کو سمجھ نہیں آئی وہ کس کی بات کر رہا ہے ارمغان اسے دیکھنے لگ گیا۔ آیت۔ وہ اسے بتانے لگا۔ تو پسند کرنے لگا ہے اسے۔ احمد خوشی سے پوچھنے لگا۔ نہیں ایسا کچھ نہیں ہے بس وہ مجھے مختلف لگی کبھی میری برائی نہیں کرتی پیٹھ پیچھے کبھی میرے غصے پر کچھ کہتی نہیں ہے

Posted On Kitab Nagri

وہ مختلف پے۔ ارمغان اسے بتانے لگا۔ باتوں سے تو مجھے کچھ اور ہی لگ رہا ہے۔ احمد نے لفظ کھینچ کر بولے۔ بکواس بند کر کہانا کچھ نہیں ہے۔۔ وہ سرد لہجے میں کہتے ساتھ سگریٹ منہ سے لگا گیا جس پر احمد خاموش ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔

وہ افطاری کے بعد کمرے میں جا رہی تھی جب سعدیہ بیگم نے اسے روکا۔ جی پھوپھو۔ وہ پیار سے پوچھنے لگی۔ بیٹا کل جب ارمغان نے تمہیں روزی کھلایا مجھے بہت خوشی تم سچ میں اسے بدل سکتی ہو اور مجھے پتہ ہے تم اسے بدل دو گی پلیز زمیرے بچے کو پہلے جیسا کردو یہ تم کر سکتی ہو۔ وہ اسے دیکھتے ہوئے پیار سے کہنے لگی۔ انشاءاللہ میں پوری کوشش کروں گی۔ وہ مسکرا کر معصومیت سے جواب دے کر کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔

وہ گھر آیا ہمیشہ کی طرح اسے نماز پڑھتا پایا کچھ کہے بغیر وہ کاؤچ پر آگیا اور لیٹ گیا مگر نظر بار بار اس طرف جا رہی تھی آیت نے سلام پھیرا اسکا بار بار ہاں دیکھنا وہ اسکی اس حرکت پر غور کر چکی تھی اس نے دعا مانگی اور جائے نماز لپیٹ کر اسکی طرف دیکھا۔ کچھ کہنا ہے۔ آیت اسے پوچھنے لگی۔ ہاں۔ نہیں وہ ہاں کہنا ہے۔ ارمغان کو خود سمجھ نہیں آیا وہ کیا بول رہا ہے۔۔ ایک بات پر پہلے رہیں۔ ایت اسے دیکھ کر بولی۔ تم سے کسی نے پوچھا ہے لائٹ آف کردو نیند آرہی ہے مجھے۔ ارمغان فوراً سرد لہجے میں کہنے لگا آیت خاموشی سے لائٹ بند کردی۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں سو رہے تھے کمرے میں بلکل خاموشی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

دلہن کے جوڑے میں بنی وہ کرسی پر بیٹھی اور سامنے کھڑا شخص آنکھوں میں آنسو لیے اسے دیکھ رہا تھا لڑکی ایکدم اٹھ کر اسکے سامنے پاس آجاتی ہے۔تمہارے پاس ہے کیا تم اپنے باپ کے پیسے پر عیش کرتے ہو وہ امریکہ میں رہتا ہے ارمغان وہ خود کماتا ہے اور تم تو کچھ بنے بھی نہیں ہو ابھی میں تم سے کبھی شادی نہیں کر سکتی اور ویسے بھی میں نے تم سے کبھی محبت کی ہی نہیں تھی صرف ٹائم پاس کیا تھا تمہارے ساتھ تم رومت میرے سامنے ارمغان میں نہیں پگھلنے والی اپنی شکل گم کرو۔۔ارمغان یہ سب خواب میں دیکھ کر ایکدم چیخ مار کر اٹھ گیا۔

آیت اسکے اس طرح چلانے پر فوراً ہڑ بڑا کر اٹھی اور نظر ارمغان پر گئی جس اپنے بالوں کو مٹھی پر دبوچے بیٹھا تھا آیت نے لائٹ آن کی اور اسکے پاس آئی۔آپ ٹھیک ہیں۔ایت اس سے پوچھنے لگی۔جاؤ یہاں سے۔وہ سرد لہجے میں چلایا آیت ہڑ بڑا گئی اور جلدی سے جگ سے پانی گلاس میں ڈال کر اسکے پاس ائی۔پانی پیے۔وہ گلاس اسکی طرف بڑھا کر بولی ارمغان نے غصے سے گلاس پر ہاتھ مار کر زمین پر گرادیا اور اسکے کانچ کا ایک ٹکرا آیت کے پیر میں لگ گیا آیت کے پیر سے خون نکلنے لگا اسکی آنکھوں میں نمی آگئی۔جاؤ وہ چلایا آیت بامشکل چل کر لائٹ آف کر کے بیڈ پر آکر لیٹ گئی چہرے سے تکلیف صاف واضح ہو رہی تھی آنکھوں میں نمی تھی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صبح ارمغان کی آنکھ کھلی تو وہ بلکل نارمل ہو کر باتھروم گیا فریش ہوا باتھروم سے واپس آکر اس نے کنگی کی اور اچانک نظر آیت کے پیر پڑ گئی زخم کافی گہرا تھا وہ اسے دیکھ کر خاموشی سے جانے لگا۔اس کے پیر کو کیا ہوا۔وہ خود سے سوچنے لگا اچانک اسکے ذہن میں رات والا منظر یاد آیا وہ ایکدم مڑ کر دیکھنے لگ گیا۔میری وجہ سے ہوا ہے۔وہ خود سے کہنے لگا۔اور نظر ادھر ادھر گھما کر دیکھی کچھ بھی نہیں تھا۔کیا کروں۔وہ سوچنے لگ گیا کیونکہ ہلکا ہلکا خون ابھی بھی نکل رہا تھا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارمغان نے فرسٹ ایڈ باکس اٹھایا اور اسکے پیروں کے پاس بیٹھ کر کاٹن پر دوا لگا کر اسکے پیر پر چھوا ہی تھا کہ آیت فوراً اٹھ گئی۔یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔۔آیت اسے پیروں کے پاس بیٹھا دیکھ کر پوچھنے لگی۔دوائی لگا رہی ہو۔ ارمغان کا لہجہ سخت اور سپاٹ تھا۔آپ گنہگار کر رہے ہیں مجھے میں خود لگا سکتی ہوں اللہ تعالیٰ گناہ دے گا مجھے۔وہ فوراً با مشکل پیر پیچھے گھسیٹ کر اسے بتانے لگی ارمغان سختی سے اسکی ٹانگ سیدھی کی آیت کو بہت درد ہوا اور وہ اس کے زخم پر مرہم لگانے لگا۔۔۔دوا لگانے کے بعد ارمغان نے پٹی کی اور فرسٹ ایڈ باکس رکھ کر اٹھا۔۔

ویسے تم کون سے زمانے میں جی رہی ہو آج کے زمانے میں لڑکیاں لڑکوں کی برابری کرتی ہیں۔ارمغان اسے دیکھ کر طنزیہ بولا۔میں کیسے مرد کی برابری کر سکتی ہوں اللہ نے مرد ایک ردجہ بلند فرمایا ہے۔اور ویسے بھی عورت کو تو حکم ہی مرد کے پیچھے نماز پڑھنے کا ہے تو کیسی برابری برابری ہو ہی نہیں سکتی۔آیت اسے بتانے لگی ارمغان خاموش ہو گیا۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سڑک پر گاڑی دوہرا رہا تھا اسکے ذہن میں اچانک خیال آیا۔

میرے پیر پکڑ کر معافی مانگو۔مناہل اسے دیکھ کر بولی۔سب ہیں سب ہمیں ہی دیکھیں گے۔ارمغان بتانے لگا۔آئی ڈونٹ کیئر مجھے نہیں۔وہ لاپرواہ انداز میں کہنے لگی ارمغان کو اپنے پیار کیلیے یہ بھی کرنا پڑا وہ اسکے پیروں پر بیٹھا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسکے ذہن میں اچانک آیت والی بات آئی آپ گنہگار کر رہے ہیں مجھے۔وہ سوچنے لگا کس قدر فرق ہے نادونوں میں بہت فرق تھا۔۔۔

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

مغرب کی اذانیں ہو چکی تھی اسکے پیر میں درد تھا اس لیے وہ افطاری کیلیے نیچے نہیں آسکی ارمغان گھر میں داخل ہوا اسے وہاں کی دیکھ کر پریشان یوا۔ کہاں ہے وہ ارمغان سعدیہ بیگم کو دیکھ کر پوچھنے لگا۔اسکے پیر میں پتہ نہیں کیسے چوٹ لگ گئی ہے رات کو اس لیے وہ نیچے نہیں آسکی میں کمرے میں دے آتی ہوں اسے وہ بتاتے ساتھ جانے لگی آپ نے بھی کھولنا ہو گا آپ کھولیں میں جا رہا ہوں دے دیتا ہوں۔۔ وہ ان کے ہاتھ سے پلیٹ تھام کر بولا جس پر وہ خاموش ہو گئی سب حیرت سے اسے دیکھنے لگ گیا وہ کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

وہ کمرے میں داخل ہوا وہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی وہ پلیٹ سائیڈ پر رکھ کر اسے دیکھنے لگا۔۔ یہ کر لو افطاری کھول کر روزہ۔ وہ اسے کہنے لگا آیت روتی چلی گئی کوئی جواب نہیں دیا م رو کیوں رہی ہو۔ وہ سپاٹ لہجے میں پوچھنے لگا۔ وہ روتی رہی بتاؤں گی مجھے وہ غصے سے بولا درد ہو رہا ہے مجھے۔ وہ معصومیت سے بولی جس پر ارمغان نے پیر کو دیکھا۔ ٹھیک ہو جائے گا اچھی تم کچھ کھالو۔ وہ اس دفعہ تھوڑا دھیمے لہجے میں بولا۔ مما یک بات مانیں گے۔ وہ بولتے ہوئے حد سے زیادہ معصوم اور پیاری لگی ارمغان نے اسے دیکھا۔ کیا۔ اور پوچھنے لگا۔ مجھے مام ڈیڈ کے گھر کے جائیں گے بہت یاد آرہی ہے مجھے۔ وہ اسے دیکھ کر بولی جس پر وہ اسے دیکھنے لگا اچھا ٹھیک ہے۔ وہ سپاٹ انداز میں کہہ کر چلا گیا آیت ہلکا سا مسکرا دی۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں جا رہے تھے آیت سے نہیں چلا جا رہا تھا وہ بامشکل کمرے سے باہر آئی تھی ارمغان نے جب اسے دیکھا تو کچھ کہے بغیر اسے اپنی باہوں میں اٹھا لیا سب لوگ ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے تھے وہ سب حیرت سے ان دونوں کو دیکھنے لگ گئے آیت کو شرمندگی نے آگھیرا اور ارمغان کی پھوپھو کنزا تو بہت عجیب نظروں سے انہیں دیکھ رہی

Posted On Kitab Nagri

تھی۔ کیا ہوا کیا دیکھ رہے ہیں ادھر سرکس کر رہا ہوں جو سب ایسے دیکھ رہے ہیں۔ وہ ان سب کی نظریں خود پر محسوس کر کے سرد لہجے میں مخاطب ہوا سب لوگ نظریں دوسری کر گئے وہ اسے دھیان سے گاڑی میں بٹھا کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا اور گاڑی سڑک پر دوہرا دی۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں آیت کے گھر پہنچے تو آیت کی ماں اور باپ کی نظر جیسے ہی اسکے پیر پر گئی وہ پریشان ہو گئے یہ کیسے ہوا میری بچی تمہارے پیر پر چوٹ کیسے لگی وہ اس سے پریشانی سے پوچھنے لگی وہ پھسل گئ تھی بس۔ آیت نے بتایا جس پر وہ بہت پریشان ہوئی اور اسکے ماتھے پر بوسہ دیا میری بچی۔ وہ پیار سے کہنے لگی۔۔۔
ارمغان اور زبیر خان بیٹھے تھے۔ بہت بہت شکریہ ارمغان میری بیٹی کا اتنا خیال رکھنے کیلیئے وہ بہت نازک ہے ہلکی سی پن بھی بنتی تھی تو پورا گھر سر پر اٹھا لیتی تھی ہم نے بہت لاڈ سے اسے رکھا ہے کبھی اونچی آواز میں بات نہیں کی اور اگر ایک دفعہ ڈانٹ بھی دیا تو رونے لگ جاتی تھی میری ہمیشہ سے خواہش اسکا شوہر اسکا خیال رکھے اور تم نے وہ زمہ داری نبھاتے ہو۔ وہ پیار سے اسے کہنے لگے اور ارمغان کو زبیر خان کی ہر بات سے دھچکا لگا تھا وہ تو اس سے بہت برے سے پیش آرہا تھا بہت برا اس کیساتھ رویہ اختیار کرتا تھا تو وہ کیسے یہ برداشت کر رہی تھی وہ یہی سوچنے لگ گیا۔۔۔۔۔۔

ارمغان بدل رہا ہے آیت میرے ارمغان کو بدل رہی ہے۔ سعدیہ بیگم شہوار صاحب سے کہنے لگی جس پر انہوں نے سر کو خم دیا بلکل وہ بدل رہا ہے تم صحیح کہہ رہے انہوں نے سعدیہ بیگم کی بات سے اتفاق کیا جس پر وہ خوش ہوئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں گھر جارہے تھے۔ تمہارے گھر والوں نے تمہارے ساتھ بہت برا کیا۔ وہ ڈرائیونگ کرتے ہوئے آیت سے مخاطب ہوا آیت نظر تیر چھی کر کے اسے دیکھنے لگ گئی۔ تمہیں میرے ساتھ جوڑ دیا۔ وہ اسے بتانے لگا۔ اللہ نے یہ جوڑ بہت پہلے بنادیا تھا اور وہ مجھ سے ستر ماؤں سے بھی زیادہ پیار کرنے والا ہے اس نے کچھ سوچ کر ہی میرا جوڑ آپ کیساتھ جوڑا ہوگا۔ وہ چہرے پر مسکراہٹ لائے اسے کہنے لگی ارمغان نے اسکی طرف دیکھا۔ کیسے تم اتنی خاموش رہ سکتی ہو میں تو اتنے گندے طریقے سے تمہارے ساتھ رہتا ہوں۔۔ وہ اس سے پوچھنے لگا۔ میرا اللہ صبر دیتا ہے اور مجھے پورا یقین ہے ایک دم یہ رشتہ بہت مضبوط ہو جائے گا۔ وہ اسے دیکھ کر کہنے لگی ویٹ ایور۔ وہ غصے سے بولا۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں گھر آئے سیڑھیاں چڑھتے وقت ارمغان نے پھر آیت کو اپنی باہوں میں اٹھالیا اور کمرے میں لے گیا اور بیڈ پر لٹایا۔ اور پیچھے سے کمر پکڑلی۔ جتنی دیکھتی ہو نا اتنا وزن نہیں ہے اچھا خاصا وزن ہے کمر میں درد پڑ گیا میری۔ وہ آخری الفاظ بڑبڑایا آیت مسکرادی۔ میں تمہیں انسلٹ کر رہا ہوں تم مسکرا رہی ہوم وہ اسے کہنے لگا آپ نہیں سمجھیں گے۔ وہ اسے دیکھ کر بولی ویٹ ایور وہ کہتے ساتھ باتھروم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

سحری کا وقت تھا آیت اٹھی اسکا پیر اب بہت بہتر تھا وہ بیڈ سے اتری اور باتھروم کی طرف بڑھی باتھروم کا دروازہ جان کر زور سے بند کیا کہ ارمغان اٹھ جائے مگر خلاف توقع ارمغان مرزا یوں ہی لیٹا رہا وہ فریش ہو کر باہر آئی تو اسے سوتا پایا وہ منہ بنا کر وارڈروب کی طرف بڑھ گئی۔

Posted On Kitab Nagri

وہ وارڈروب سے ڈوپٹہ اٹھاتی وارڈروب کو بھی زور سے بند کر گئی کمرے میں بہت آواز گونجی مگر ارمغان مرزا نہیں اٹھا آیت سوچ میں پڑ گئی یہ تو ایک آہٹ پر اٹھ جاتے ہیں آج کیوں نہیں اٹھ رہے وہ خود سے سوچتے ہوئے سر پر حجاب کرنے لگی اور نیچے چلی گئی سحری میں بھی دیر ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ سحری کر کے دوبارہ اوپر آئی اور جان کر دروازہ زور سے بند کیا مگر ارمغان پھر بھی نہ اٹھا آیت پریشان ہوئی اور اسکے پاس آکر دیکھا تو ارمغان کانپ رہا تھا آیت اسے دیکھنے لگ گئی اور اسکے ماتھے پر ڈرتے ڈرتے ہاتھ رکھا اسے بہت تیز بخار تھا۔انہیں تو بہت تیز بخار ہے آیت پریشانی سے کہتے ساتھ اے سی بند کر گئی اور اس پر چادر ڈال کر باہر آئی۔۔۔۔۔

وہ کچن میں آئی تو سعدیہ بیگم وہاں موجود تھی۔ کیا ہوا سعدیہ بیگم اسے پریشان دیکھ کر پوچھنے لگی۔ پھوپھو ارمغان کو بہت تیز بخار ہے بہت تیز۔ وہ پریشانی سے بتانے لگی۔اسے بچپن سے ہی اتنا تیز بخار ہوتا ہے۔ سعدیہ بیگم کہتے ساتھ ارمغان کے پاس جانے لگی۔۔ پھوپھو آپ آرام کریں آپ تھکی ہوئی میں دیکھ لوں گی آپ بے فکر رہیں۔ وہ انہیں تسلی دیتے ہوئے بولی مگر تم بھی تو تھک۔ وہ بول رہی تھی جب آیت نے روکا۔ میں کر لوں گی میں کیا نا آپ سو جائیں۔ وہ انہیں محبت سے بولی جس پر وہ خاموشی سے چلی گئی۔۔۔۔

آیت نے ایک باؤل میں ڈھنڈا اور پٹیاں لی اور اوپر ارمغان کے پاس آئی وہ جاگ رہا تھا اس نے تھوڑی آنکھیں کھول رکھی تھی مگر ہمت نہ اٹھنے کی ہو رہی تھی اور نہ بولنے کی آیت اسکے پاس آئی اور اسکے سر پر ڈھنڈے

Posted On Kitab Nagri

پانی کی پٹیاں رکھی ارمغان نے ہمت کر کے پٹی ہٹادی۔ایت نے فوراً دوبارہ رکھی ارمغان نے اب کی بار پٹی نہیں ہٹائی دو تین پٹیاں رکھنے کے بعد وہ اٹھی اور وضو کر کے جائے نماز بچھا کر نماز ادا کرنے لگی ارمغان اسے دیکھ رہا تھا آیت نے کچھ دیر میں نماز ادا کی اور اسکے پاس آکر دعائیں پھونکی اور اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھا بخار تھوڑا سا کم ہوا اسکے پاس بیٹھ کر آیت وہی قرآن پاک پڑھنے لگی ارمغان اسے سن رہا تھا سنتے سنتے کب ارمغان کو نیند آگئی اسے نہیں معلوم آیت نے بھی قرآن پڑھا اور اسے اپنی جگہ پر رکھ کر اسکے پاس آگئی۔۔۔۔۔۔

